روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 19 دسمبر 2008ء 20 ذوالحج 1429 ہجری 19 فتح 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 286

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایک ضروری بات یہ ہے کہ تقویٰ میں ترقی کرو ترقی انسان خود نہیں کرسکتا تھا جب تک ایک جماعت اور ایک اس کا امام نہ ہو۔ اگر انسان میں یہ قوت ہوتی کہ وہ خود بخود ترقی کرسکتا تو پھر انبیاء کی ضرورت نہ تھی۔ تقویٰ کے لئے ایک ایسے انسان کے پیدا ہونے کی ضرورت ہے جو صاحب کشش ہو اور بذریعہ دعا کے وہ نفسوں کو پاک کرے۔ دیکھو اس قدر حکماء گزرے ہیں کیا کسی نے صالحین کی جماعت بھی بنائی ہرگز نہیں اس کی وجہ یہی تھی کہ وہ صاحب کشش نہ تھے، لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسے بنا دی۔ بات یہ ہے کہ جسے خدا تعالیٰ بھیجتا ہے اس کے اندر ایک تریاقی مادہ رکھا ہوا ہوتا ہے پس جو شخص محبت اور اطاعت میں اس کے ساتھ ترقی کرتا ہے تو اس کے تریاقی مادہ کی وجہ سے اس کے گناہ کی زہر دور ہوتی ہے اور فیض کے ترشحات اس پر بھی گرنے لگتے ہیں۔ اس کی نماز معمولی نماز نہیں ہوتی۔ یاد رکھو کہ اگر موجودہ ٹکروں والی نماز ہزار برس بھی پڑھی جاوے تو ہرگز فائدہ نہ ہوگا۔ نماز ایسی شئے ہے کہ اس کے ذریعہ سے آسمان انسان پر جھک پڑتا ہے۔ نماز کا حق ادا کرنے والا یہ خیال کرتا ہے کہ میں مر گیا اور اس کی روح گداز ہو کر خدا کے آستانہ پر گر پڑی ہے۔ اگر طبیعت میں قبض اور بدمزگی ہو تو اس کے لئے بھی دعا ہی کرنی چاہئے کہ الٰہی تو ہی اسے دور کر اور لذت اور نور نازل فرما۔ جس گھر میں اس قسم کی نماز ہوگی وہ گھر کبھی تباہ نہ ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر نوحؑ کے وقت میں یہ نماز ہوتی تو وہ قوم کبھی تباہ نہ ہوتی۔ حج بھی انسان کے لئے مشروط ہے روزہ بھی مشروط ہے۔ زکوٰۃ بھی مشروط ہے مگر نماز مشروط نہیں۔ سب ایک سال میں ایک ایک دفعہ ہیں مگر اس کا حکم ہر روز پانچ دفعہ ادا کرنے کا ہے۔ اس لئے جب تک پوری پوری نماز نہ ہوگی تو وہ برکات بھی نہ ہوں گی جو اس سے حاصل ہوتی ہیں اور نہ اس بیعت کا کچھ فائدہ حاصل ہوگا۔ اگر بھوک یا پیاس لگی ہو تو ایک لقمہ یا ایک گھونٹ سیری نہیں بخش سکتا۔ پوری خوراک ہو گی تو تسکین ہوگی۔ اسی طرح ناکارہ تقویٰ ہرگز کام نہ آوے گا۔ خدا تعالیٰ انہیں سے محبت کرتا ہے جو اس سے محبت کرتے ہیں۔ (۔) (اٰل عمران: 93) کے یہ معنے ہیں کہ سب سے عزیز شئے جان ہے۔ اگر موقعہ ہو تو وہ بھی خدا کی راہ میں دے دی جاوے نماز میں اپنے اوپر جو موت اختیار کرتا ہے وہ بھی برّ کو پہنچتا ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 627)

میرے دوست

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

ایک شخص گمان کرے گا کہ وہ میرا ہے حالانکہ اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ میرے دوست اور تعلق دار صرف متقی ہیں۔

(سنن ابی داؤد کتاب الفتن بابذکر الفتن حدیث نمبر:3704)

یتامیٰ کی خبر گیری

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔
یتامیٰ کی خبر گیری قومی طور پر کسی جماعت میں پائی جائے تو وہ جماعت کبھی مٹ نہیں سکتی۔
(تفسیر کبیر جلد ہشتم صفحہ:567)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

☆ مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن
☆ مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائنا کالوجسٹ

دونوں ڈاکٹر صاحبان مورخہ 21 دسمبر 2008ء کو مریضوں کے معائنہ کیلئے فضل عمر ہسپتال تشریف لائیں گے۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ان ڈاکٹرز کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے رابطہ کر کے قبل از وقت اپنی رجسٹریشن کروالیں۔
مزید معلومات کیلئے استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔
(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

سیمینار برائے صحت عامہ

مکرم ڈاکٹر مرزا امین بیگ صاحب آرتھوپیڈک سرجن امریکہ مورخہ 20 دسمبر 2008ء کو بوقت 4:00 بجے شام فضل عمر ہسپتال کے سیمینار ہال میں ایک سیمینار Conduct کرینگے۔ اس سیمینار کا مقصد جوڑوں، ہڈیوں اور کمر درد کی وجوہات اور علاج معالجہ کے متعلق عوام الناس کو مفید معلومات بہم پہنچانا ہے۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ اس سے استفادہ فرمائیں اور استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ کر کے دعوت نامہ حاصل کرلیں۔
(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

گاڑی برائے فروخت

ایک عدد گاڑی Toyota Corolla 2.0D ڈیزل ماڈل 2001ء سفید رنگ، لاہور رجسٹریشن جماعتی ادارہ کے زیر استعمال فروخت کرنا مقصود ہے۔ خواشمند احباب حسب ذیل نمبر پر مکرم رفیق مبارک میر صاحب سے رابطہ کریں۔

0300-7704616

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 512

حضرت حمزہؓ شہنشاہ نبوت کے حلقہ عشاق میں

سیدالشہداء حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کا لقب اسداللہ تھا آپ حضرت رسول عربی خاتم الانبیاء ﷺ کے سگے چچا تھے اور رضاعی بھائی بھی۔ آپ کے قبول اسلام کا واقعہ نہایت ایمان افروز ہے جس کی تفصیل مشہور عالم سیرت نگار حضرت سیدی صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے کے قلم مبارک سے درج ذیل ہے۔ آپ ابن ہشام، طبری، الروض الانف، زرقانی، الخمیس کے حوالہ سے تحریر فرماتے ہیں۔

''حمزہؓ آنحضرت ﷺ کے حقیقی چچا تھے اور ان کو آنحضرت ﷺ سے بہت محبت تھی، لیکن ابھی تک مشرک تھے۔ ان کا یہ معمول تھا کہ ہر روز صبح سویرے تیر کمان لے کر باہر نکل جاتے تھے اور سارا دن شکار کھیلتے رہتے تھے۔ شام کو واپس آ کر پہلے خانہ کعبہ کا طواف کرتے اور پھر قریش کی ان مجلسوں میں دورہ لگاتے جو صحن کعبہ میں دو دو چار چار کی ٹولیوں میں جما کر بیٹھا کرتے تھے اور یہاں سے فارغ ہونے کے بعد گھر جاتے تھے۔ ایک دن حمزہ اسی طرح شکار سے واپس آئے تو ایک خادمہ نے ان سے کہا۔ ''کیا آپ نے سنا کہ ابھی ابھی ابوالحکم (یعنی ابوجہل) آپ کے بھتیجے کو سخت برا بھلا کہتا گیا ہے اور بہت گندی گندی گالیاں دی ہیں مگر محمد نے سامنے سے کچھ جواب نہیں دیا۔ یہ سن کر حمزہ کی آنکھوں میں خون اتر آیا اور خاندانی غیرت جوش زن ہوئی۔ فوراً کعبہ کی طرف گئے اور پہلے طواف کیا۔ طواف کرنے کے بعد اس مجلس کی طرف بڑھے جس میں ابوجہل بیٹھا تھا اور جاتے ہی بڑے زور کے ساتھ ابوجہل کے سر پر اپنی کمان ماری اور کہا۔ ''میں سنتا ہوں کہ تو نے محمد کو گالیاں دی ہیں۔ سن! میں بھی محمد کے دین پر ہوں اور میں بھی وہی کہتا ہوں جو وہ کہتا ہے۔ پس اگر تجھ میں کچھ ہمت ہے تو میرے سامنے بول۔'' ابوجہل کے ساتھی ابوجہل کی حمایت میں اٹھے اور قریب تھا کہ لڑائی ہو جاتی اور مگر ابوجہل حمزہ کی دلیری اور جرأت کو دیکھ کر مرعوب ہو گیا اور اس نے اپنے ساتھیوں کو یہ کہہ کر روک دیا کہ حمزہ حق بجانب ہے واقعی مجھ سے زیادتی ہو گئی تھی اور اس طرح معاملہ رفع دفع ہو گیا۔

حمزہ جوش میں یہ الفاظ تو کہہ بیٹھے تھے کہ ''میں بھی محمدؐ کے دین پر ہوں۔'' لیکن جب گھر آئے اور غصہ کم ہوا تو کچھ گھبرائے اور سوچنے لگے کہ اب کیا کرنا چاہئے آخر دل نے یہی فیصلہ کیا کہ اب شرک چھوڑ دینا ہی بہتر ہے۔ **چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کلمہ پڑھ کر اسلام میں داخل ہو گئے۔'' یہ بعثت نبوی کے چھٹے سال کا واقعہ ہے۔ جبکہ آنحضرت ﷺ ابھی دارارقم میں ہی مقیم تھے۔ حضرت حمزہؓ کے مسلمان ہونے کی خوشی میں یا ویسے ہی اپنے اخلاص کے جوش میں مگر بہرحال اسی دن جس دن حمزہ مسلمان ہوئے حضرت ابوبکرؓ نے صحن کعبہ میں برملا توحید کا اعلان کیا۔** اس وقت آنحضرت ﷺ اور بعض دوسرے مسلمان بھی وہاں موجود تھے۔ قریش نے حضرت ابوبکرؓ کی اس جسارت کو دیکھا تو جوش میں آکر ان پر ٹوٹ پڑے اور اس بے دردی سے مارا کہ لکھا ہے کہ جب ان کے قبیلہ کے لوگ انہیں اٹھا کر ان کے گھر لے گئے تو وہ بالکل بے ہوش تھے اور ضربات کی وجہ سے ان کا ناک منہ ایک ہو رہا تھا۔ جب انہیں ہوش آیا تو ان کا پہلا سوال یہ تھا کہ آنحضرت ﷺ کا کیا حال ہے اور جب تک آپؐ کی خیریت کی خبر نہیں سنی حضرت ابوبکرؓ کو چین نہیں آیا۔

(''سیرت خاتم النبیین'' صفحہ 156-157)

قبول اسلام کا یہ واقعہ گریگورین کیلنڈر کے مطابق 614-15 عیسوی (مطابق 6ھ بعثت نبوی) رونما ہوا۔

چونکہ ازل سے حضرت حمزہ کی شہادت مقدر تھی اور عرش پر آپ برگزیدہ بزمرہ شہداء داخل ہو چکے تھے اس لئے تقدیر ازلی کے مطابق بعثت نبوی کے چودہویں سال 23 مارچ 624ء (مطابق 14 جمادی الاول 3 ہجری) کو غزوہ احد میں شجاعت کے بے مثال جوہر دکھاتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا۔

حضرت علامہ سیوطی نے آنحضرت ﷺ کی یہ حدیث ''جامع الصغیر'' نقل کی ہے کہ حمزہ بن عبدالمطلب سید الشہداء ہیں اس طرح وہ انسان بھی جسے جابر بادشاہ کلمہ حق کہنے کی پاداش میں قتل کر ڈالے گا۔ جامع الصغیر اور کنز العمال میں اس کی تشریح میں یہ روایت بھی موجود ہے مستقبل میں ایسے مردان خدا بھی ہوں گے جن کے دلوں میں ایمان سر بفلک پہاڑوں سے بھی زیادہ مستحکم ہوگا۔ یہ بھی لکھا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے صحابہ کو مخاطب کر کے فرمایا کہ تم مردوں میں سے النبی الصدیق ''المولود'' اور ''الشہید'' جنت میں جائیں گے۔

جناب ابوالاثر حفیظ جالندھری نے سید الشہداء حضرت حمزہ کا بدقماش وحشی کے ہاتھوں شہادت کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچا ہے

عقاب روح پہلے سے ہی تھا پرواز آمادہ
اڑا سوئے فلک اب چھوڑ کر یہ جسم افتادہ
زمیں سے آسماں تک ایک نورانی غبار اٹھا
زمیں پر رہ گیا فقط اک خوں چکاں لاشہ
فرشتہ لے کے جانِ بندہ پروردگار اٹھا
فروغ زخمِ بے حد سے بہار بے خزاں لاشہ

خلافت کے سایہ میں امن و سکوں ہے

خدا کا درخشاں نشاں ہے خلافت
خدا کا ہی نور رواں ہے خلافت

خلافت نیابت ہے زندہ خدا کی
نبوت کا فیضِ رواں ہے خلافت

خلافت نبوت کا ہے اک تسلسل
نبوت کی ہی ترجماں ہے خلافت

خلافت کا منصب ہے اصلاحِ عالم
ہدایت کا بحرِ رواں ہے خلافت

صداقت کے زندہ نشانوں سے پُر اک
چمکتی ہوئی کہکشاں ہے خلافت

خلافت کے سایہ میں امن و سکوں ہے
امن کا حسیں سائباں ہے خلافت

خلافت نے ہم کو سکینت عطا کی
بہت پرسکوں آشیاں ہے خلافت

رہے گی ابد تک یہ نعمت خدا کی
قیامت تلک جاوداں ہے خلافت

خلافت سے وابستہ ہے دیں کا غلبہ
فتوحات کا کارواں ہے خلافت

ہمیں جاں سے پیارا ہے مسرور آقا
ہمارے لئے جانِ جاں ہے خلافت

سراج الحق قریشی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

42 واں جلسہ سالانہ برطانیہ

اس کی امتیازی حیثیت اور کیفیات و برکات

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی موجودگی میں گھانا، بینن، نائیجیریا، ریاستہائے متحدہ امریکہ اور کینیڈا کے بعد صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی جلسہ سالانہ برطانیہ 27,26,25 جولائی 2008ء اپنی تمام تر برکات اور کیفیات کے ساتھ منعقد ہو کر گویا پلک جھپکتے ہی ختم ہو گیا۔ یہ جماعت احمدیہ برطانیہ کا 42 واں جلسہ سالانہ تھا جس کی تاریخی اور امتیازی حیثیت و شان نمایاں ہے۔

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے کہ اس پاک ذات نے اس عاجز کو بھی مع فیملی اس مبارک تقریب میں شامل ہونے کی توفیق دی جس کے لئے دل اللہ تعالیٰ کی حمد اور شکر سے لبریز ہے اور شکر کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔

1984ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب کی ربوہ سے اضطراری حالات میں لندن ہجرت کے بعد برطانیہ کا جلسہ عملاً مرکزی حیثیت کا حامل ہو گیا ہے۔ برطانیہ کی ہی سرزمین میں خلافت رابعہ کا مبارک اور بابرکت دور اپنے اختتام کو پہنچا اور اللہ کی تقدیر کے مطابق خلافت خامسہ کے مبارک اور بابرکت دور کا آغاز بھی برطانیہ سے ہوا جس پر پانچ سال گزر چکے ہیں۔

جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خود یکم اگست 2008ء کے خطبہ جمعہ میں اعلان فرما چکے ہیں اس جوبلی جلسہ پر 85 ممالک کے خلافت احمدیہ کے عشاق اڑ کر اپنے آقا کے دیدار اور ملاقات اور جلسہ کی دعاؤں میں شامل ہونے اور امام وقت کی اقتداء میں نمازیں ادا کرنے اور کلمات طیبات سننے کے لئے حاضر ہو گئے تھے۔ جلسہ پر شامل ہونے والوں کی تعداد 40,600 سے اوپر بتائی جاتی ہے۔

ہوتی نہ اگر روشن وہ شمع رخ انور
کیوں جمع یہاں ہوتے سب دنیا کے پروانے

باجماعت نمازیں

اس سال حضرت صاحب کی اقتدا میں جب اس گنہگار نے پہلی نماز بیت الفضل لندن میں 13 جولائی 2008ء کو ادا کی اور بعد میں بھی کئی بار موقع ملتا رہا تو توجہ حضرت اقدس مسیح موعود کی اس نوید کی طرف مبذول ہوتی رہی جیسا کہ حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ جہاں ایک مومن امام ہو اس کے مقتدی پیش ازیں کہ وہ سجدہ سے سر اٹھاویں بخش دیئے جاتے ہیں"۔

(ملفوظات جلد چہارم ص31)

اللہ کرے کہ اس گنہگار کے ساتھ بھی یہی سلوک ہوا ہو اور جملہ گناہ بخش دیئے گئے ہوں۔ حضرت صاحب نے نمازوں کی ادائیگی کی طرف بہت زور دیا ہے جلسہ کے دنوں میں میرا قیام (ٹلفورڈ) اسلام آباد میں تھا۔

اسلام آباد میں بعض مواقع پر احمدی عرب امام کی اقتدا میں نماز باجماعت ادا کرنے کا موقع ملتا رہا اور ان کا اپنی مادری زبان میں قرآن پڑھنا کانوں میں رس گھولنے اور دل میں سرور پیدا کرنے کا باعث بنتا رہا۔ ایک تہجد باجماعت کے بعد امیر صاحب فلسطین نے وتر پڑھائے اور تیسری رکعت کے قنوت میں خلیفہ وقت کی صحت و سلامتی اور اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت شامل حال ہونے اور تمام بنی نوع انسان کی بھلائی کے لئے ایسی رقت سے دعائیں کروائیں کہ ہر مقتدی خدا کے حضور آنسو بہائے بغیر نہ رہ سکا اور ایک عجیب سرور محسوس ہوا جو بیان سے باہر ہے۔

لاکھ دن ان کے نام پر قرباں
نکہتیں راتیں عنبریں راتیں
عاشقوں کے لئے ہیں اک رحمت
ناز بردار نازنیں راتیں
جن میں موقع ملے تہجد کا
ہوتی ہیں بس وہ بہتریں راتیں

(کلام محمود)

فیملی ملاقات

سب سے جذباتی وہ لمحات تھے جب 17 جولائی کو حضرت صاحب سے ہماری فیملی ملاقات ہوئی۔ خلافت کے عظیم منصب پر فائز ہونے سے پہلے بھی کئی بار حضور سے ملاقات ہوئی تھی اور حضور نے چند بار ہمارے غریب خانہ میں بھی قدم رنجہ فرمائے تھے لیکن جب سے خلافت کی ردا خود خداوند کریم نے حضور کو پہنائی ہے۔ اس لحہ سے ایک عجیب حسن اور رعب اور نور چہرہ مبارک پر کچھ اس طرح آ گیا ہے کہ بار بار دیکھنے کے باوجود دل یہی چاہتا ہے کہ اس ماہ جبیں کو دیکھتے ہی رہیں لیکن نظر نہیں جمتی۔

چاند کو کل دیکھ کر میں سخت بے کل ہو گیا
کیونکہ کچھ کچھ تھا نشاں اس میں جمال یار کا

جتنی محبت ہم نے حضرت صاحب کے لئے اپنے دل میں محسوس کی اس سے کئی گنا زیادہ محبت اس محسن کی ملاقات کے دوران محسوس کی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث حافظ صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کا جماعت کو دیا ہوا ماٹو "محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں" اپنی تمام تر خوبصورتی اور وسیع مفہوم کے ساتھ اول طور پر خلیفہ وقت پر ہی صادق آتا ہے۔ اس للّٰہی محبت کا مزہ ہر وہ شخص چکھ لیتا ہے جو آپ سے ملتا ہے اور تعلق پیدا کرتا ہے۔ اس قدر لوگوں کے ہجوم میں آپ کے اخلاق کریمانہ کا اظہار یقیناً آپ کے خدا کی طرف سے ہونے کا بیّن ثبوت ہے۔ حضرت مسیح موعود لیکچر لدھیانہ (مورخہ 4 نومبر 1905ء) میں فرماتے ہیں:۔

"آج سے 25 برس پیشتر (اب 128 برس پیشتر۔ ناقل) جب کوئی میرے نام سے واقف نہ تھا اور نہ کوئی شخص قادیان میں میرے پاس آتا تھا یا خط و کتابت رکھتا تھا اس گمنامی کی حالت میں ان کسمپرسی کے ایام میں اللہ تعالیٰ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا۔ ......کہ تیرے پاس دور دراز ملکوں سے لوگ آئیں گے اور کثرت سے آئیں گے چونکہ ایک شخص ہزاروں لاکھوں انسانوں کو مہمان داری کے جمیع لوازمات مہیا نہیں کر سکتا اور نہ اس قدر اخراجات کو برداشت کر سکتا ہے اس لئے خود ہی فرمایا یاتیک من کل فج عمیق ان کے سامان بھی ساتھ ہی آئیں گے اور پھر انسان کثرت مخلوقات سے گھبرا جاتا ہے اور ان سے کج خلقی کر بیٹھتا ہے اس لئے اس سے منع کیا کہ ان سے کج خلقی نہ کرنا اور پھر یہ بھی فرمایا کہ لوگوں کی کثرت کو دیکھ کر تھک نہ جانا"۔ (ملفوظات جلد 8 ص 217)

کتنی وضاحت سے ہم ان بشارتوں کو حضرت مسیح موعود اور حضور کے نائبین اور خلفاء کے ذریعے پوری ہوتے دیکھ رہے ہیں اور کتنے اخلاق کریمانہ کے حامل یہ روحانی وجود ہوتے ہیں۔ حضرت صاحب سے فیملی ملاقات کے دوران ایک بچی کی بیماری کا ذکر کر کے دعا کے لئے عرض کی لیکن حیرت ہوئی کہ ماں باپ سے بڑھ کر ہمدردی دکھانے والے اس وجود کو پہلے سے ہی علم تھا۔ اس لئے یہ عاجز بجا طور پر کہہ سکتا ہے کہ ہمارا امام اور خلیفۃ المسیح والمہدی ہمارے ماں باپ سے زیادہ ہمارے لئے اور ہم سے بڑھ کر ہماری اولاد کے لئے ہمدردی رکھنے والا اور غمخوار وجود پاک ہے۔ پس ایسے نافع الناس خدائی وجود پر ہم کیوں نہ سب کچھ قربان کرنے کے لئے تیار ہو جائیں اور خلافت احمدیہ کے قائم رکھنے کی خاطر ہر قربانی کے لئے دل کی گہرائیوں سے تیار رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے امام اور خلیفہ وقت کو ہر خیر نصیب کرے اور ہر شر سے محفوظ رکھے اور عشق و وفا کی یہ داستانیں قیامت تک رقم ہوتی چلی جائیں۔ آمین

ماضی کی پیاری یادیں

ہماری زندگیوں میں اسی طرح کا ایک پیارا وجود آج سے پانچ سال پہلے ہم سے جدا ہوا۔ اس کے مزار پر بھی اسلام آباد (ٹلفورڈ) میں حاضری دینے، آنسو بہانے، دعائیں کرنے اور یادوں کو تازہ کرنے کا کئی بار موقع ملا۔ اللہ تعالیٰ اس قدرت ثانیہ کے چوتھے مظہر کے درجات بلند فرماتا چلا جائے۔ آمین

قدرت ثانیہ کے تیسرے مظہر کی یادوں کی گونج Love For All Hatred For None کی نعروں سے اپنوں اور پرایوں کے منہ سے اس سال بھی بکثرت سننے میں آئی۔ یہ پیارا وجود بھی ان ملکوں میں بھی محبت کا سفیر بن کر حضرت مسیح موعود کی نیابت کا حق ادا کرتا رہا۔ اللہ تعالیٰ کی ہزاروں رحمتیں اس کی روح پر بھی ہوں۔ آمین

قدرت ثانیہ کے دوسرے مظہر حضرت مصلح موعود کا مقام بہت بلند و بالا ہے اسے حضرت مسیح موعود کا مثیل اور حسن و احسان میں آپ کا نظیر ہونے کا مرتبہ حاصل ہے اسی کے دور کے عظیم الشان منصوبوں اور جدوجہد کے پھل ہیں جو ہم آج کھا رہے ہیں۔ اس نے پہاڑوں کے سینے چیر کر احمدیت کے غلبہ کے لئے راستے ہموار کئے اور نظام جماعت کی تکمیل کی۔ خدا تعالیٰ کی ہزاروں ہزار رحمتیں اس پر نازل ہوتی رہیں۔ آمین

قدرت ثانیہ کا پہلا مظہر جس نے بڑی عظیم الشان قوت و استقلال سے خلافت کے مقام کو واضح کیا اور خلافت کے انسٹیٹیوٹ کو مستحکم کیا اور اپنی جسمانی رفاقت کی طرح وفات کے بعد بھی اپنے آقا اور میرزا کی قبر کے متصل جگہ پا گیا اللہ تعالیٰ اس کا مقام بلند کرتا چلا جائے۔ آمین

جوبلی کے سال

احمدیت کی پہلی صدی کے اختتام پر احمدیہ جوبلی 1989ء میں منائی گئی اور اب 2008ء میں خلافت احمدیہ جوبلی منائی جا رہی ہے۔ خلافت ثانیہ میں بھی 1939ء میں ایک سلور جوبلی منائی گئی تھی (کیونکہ خلافت ثانیہ کے 25 سال پورے ہوئے تھے) پھر خلافت ثالثہ میں 1980ء کے جلسہ کو بھی خاص حیثیت حاصل ہے کیونکہ چودھویں صدی ہجری میں مہدی کی بعثت ہوئی اور پندرھویں صدی ہجری کا 1980ء میں آغاز ہوا جس کا استقبال لا الٰہ الا اللہ کے ورد کے ساتھ کیا گیا۔ اس طرح یہ چار خوشی کے مواقع دیکھنے نصیب ہوئے۔

غموں کا ایک دن اور چار شادی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

یہ ہماری بڑی خوش نصیبی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے آباؤ اجداد کو حضرت مسیح موعود کے دامن سے وابستہ کیا اور آگے خلافت پر ایمان لانے کی توفیق دی اور ہر ٹھوکر سے نسلاً بعد نسلٍ بچایا اور محفوظ رکھا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا دوہرا احسان ہے اور اس کا عظیم الشان فضل ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں سچ سچ سلسلہ عالیہ احمدیہ کے لئے کارآمد وجود بنا دے اور نسلاً بعد نسلٍ خلافت سے چمٹائے رکھے اور تقویٰ اور اطاعت کے اعلیٰ مقام پر فائز کرے۔ آمین

خلافت احمدیہ کی پہلی صدی کے سو سالوں میں عملاً خلافت کا ہیڈ کوارٹر قادیان میں 39 سال، ربوہ میں

36 سال اور لندن میں 24 سال رہا ہے اور یہ تینوں مقامات بھی مبارک اور بابرکت ہیں۔ تاہم دائمی مرکز قادیان ہی ہے۔ جہاں بانی سلسلہ عالیہ حضرت مسیح موعود نے ساری زندگی بسر کی۔

حضرت صاحب نے 20 جولائی کو حدیقۃ المہدی میں جلسہ سالانہ کی ڈیوٹیوں کا باقاعدہ افتتاح فرمایا اور نہایت قیمتی نصائح فرمائیں اور دعا کروائی جس کے بعد ریفریشمنٹ کا وسیع انتظام کیا گیا تھا اس تقریب سے بھی کماحقہٗ استفادہ کرنے کا موقع ملا اور بڑے قریب سے حضرت صاحب کو دیکھنے کا موقع ملا۔ حدیقۃ المہدی کا احاطہ 208 ایکڑ پر مشتمل ہے جو آلٹن میں واقع ہے جس کی کاؤنٹی ہمپشائر Hampshire ہے۔

ترجمانی کا نظام

شعبہ ترجمانی (ٹیکنیکل) جلسہ سالانہ کا ایک اہم شعبہ ہے جس کا آغاز 1980ء میں خلافت ثالثہ کے جلسہ سالانہ ربوہ پر ہوا تھا اس شعبہ میں محترم انجینئر منیر احمد فرخ صاحب (امیر جماعت اسلام آباد) کو اللہ تعالیٰ نے منتظم اعلیٰ ہونے کا شروع سے اعزاز بخشا ہوا ہے اور کیپٹن انجینئر ایوب احمد ظہیر صاحب پہلے دن سے ہی ان کے ساتھ ہیں محترم انجینئر ملک لال خان صاحب (امیر جماعت کینیڈا) کو بھی اس ٹیم کا Poineer ممبر ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ جب یہ سسٹم ڈیزائن Stage پر تھا تو 1979ء میں اسلام آباد (پاکستان) میں اس ٹیم نے اس عاجز کو بھی معاون رکھنے کا شرف بخشا پہلے یا دوسرے سال ہی محترم مبشر احمد گوندل صاحب بھی اس ٹیم میں شامل ہوئے اور بڑی محنت اور وفا کے ساتھ مسلسل اس ٹیم کے اٹوٹ ممبر بن کر کام کر رہے ہیں۔ 1980ء کے جلسہ سالانہ ربوہ سے مسلسل یہ نظام تراجم کے لئے مستعمل ہے جب یہ سسٹم ربوہ جلسہ سالانہ 1980ء پر متعارف ہوا تو اس وقت صرف انگلش اور انڈونیشین زبانوں میں تراجم کا تقریباً اڑھائی سو افراد کے لئے انتظام کیا گیا تھا۔

ترقی کرتے کرتے اس سال اڑھائی ہزار نمائندوں کے لئے بارہ زبانوں کے تراجم کا بندوبست کیا گیا تھا۔ وقتاً فوقتاً اس ٹیم میں کئی رضا کار شامل ہوتے رہے۔ محترم عبدالکریم لودھی صاحب بھی مستقل رضا کار تھے جو چند سال قبل اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہوگئے۔ لیکن بغیر وقفے کے مسلسل اس نظام کو چلانے والے محترم فرخ صاحب اور ایوب ظہیر صاحب ہی ہیں۔ چند سالوں سے محترم فرخ صاحب نائب افسر جلسہ گاہ ہوتے ہیں اور امسال محترم ملک لال خان صاحب ایڈیشنل ناظم تھے اور محترم ایوب ظہیر صاحب اور محترم کرنل چوہدری عثمان احمد صاحب دونوں ناظم تھے۔ نائب ناظمین آٹھ تھے جن میں یہ عاجز بھی شامل تھا۔ فرخ صاحب زیادہ تر رپورٹ بنوانے کا کام اس عاجز سے لیتے رہے۔ علاوہ ازیں بیشمار معاونین کو کام کرنے کی توفیق ملی اور فوری انعام یہ ملا کہ پورے گروپ کو حضرت صاحب کے ساتھ 28 جولائی 2008ء کو تصویر بنوانے کا موقع عطا کیا گیا۔ یہ تصویر صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی جلسہ کی ایک یادگار تصویر ہوگی۔ حضرت صاحب نے اس روز بڑی فراخ دلی سے کئی گروپس کو اپنے ساتھ تصویر بنوانے کا اعزاز بخشا مثلاً نیشنل امراء، بیرونی وفود، پاکستان کے امراء اضلاع، IAAAE کے ممبران، شعبہ ترجمانی (ٹیکنیکل)، خلافت جوبلی کمیٹی، عرب امراء، قادیان کے مرکزی نمائندے وغیرہ۔ جب سب تصویریں ہو چکیں تو حضور نے فرمایا جو کسی تصویر میں نہیں آئے وہ بھی آ جائیں اس طرح تمام وہ خوش نصیب جو کسی نہ کسی حوالے سے اس موقع پر حاضر تھے انہیں حضور کے ساتھ گروپ فوٹو بنوانے کا شرف حاصل ہو گیا۔ اگلے ہی روز Internet پر یہ تصاویر آ گئیں اور دنیا بھر میں پھیل گئیں۔

مختلف اقوام کے آنے کی پیشگوئی کا ظہور

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

پھر دوسری پیشگوئی انگریزی زبان میں ہے اور میں اس زبان سے واقف نہیں۔ یہ بھی ایک معجزہ ہے جو اس زبان میں وحی الٰہی ہوئی۔ ترجمہ یہ ہے کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں۔ میں تمہیں ایک بڑا گروہ ...... کا دوں گا۔ ایک گروہ تو ان میں سے پہلے ...... میں سے ہوگا اور دوسرا گروہ ان لوگوں سے ہوگا جو دوسری قوموں میں سے ہوں گے یعنی ہندوؤں میں سے یا یورپ کے عیسائیوں میں سے یا امریکہ کے عیسائیوں میں سے یا کسی اور قوم میں سے۔

(براہین احمدیہ حصہ پنجم۔ روحانی خزائن جلد 21 ص 105)

جلسہ سالانہ پر جو لوگ حاضر ہوتے ہیں وہ اس پیشگوئی کے پورا ہونے کا عملی ثبوت ہیں۔ خدا تعالیٰ ہر قوم اور ہر ملک سے سعید الفطرت روحیں حضرت مسیح موعود کی جماعت میں شامل کر رہا ہے جو بڑے بڑے کرائے خرچ کر کے اور دنیوی حرج کر کے جلسہ سالانہ پر حاضر ہوتے ہیں۔ ان میں افریقن بادشاہوں سے لے کر عام غرباء تک طبقہ کے لوگ شامل ہیں۔ ان کے دلوں سے دنیا کی محبت سرد ہو چکی ہے۔ ایک ہی لگن اور ایک ہی تڑپ ہے کہ ہمارا خدا ہم سے راضی ہو جائے۔ یہی وہ لوگ ہیں جو دین کو دنیا پر مقدم کرنے والے ہیں اور حضرت مسیح موعود کی جاری کردہ دس شرائط بیعت پر عمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ عجیب نظارہ ہے۔ مختلف رنگوں، مختلف لباسوں میں ملبوس۔ مختلف زبانیں بولنے والے اور مختلف زبانیں سمجھنے والے دنیا بھر میں رہنے والے لوگ حضرت مسیح موعود کے ذریعے ایک قوم بن رہے ہیں۔

تراجم کرنے والے احباب و خواتین کا انتظام پاکستان میں نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ کرتی تھی اس عاجز کو اچھی طرح یاد ہے کہ مردوں میں انڈونیشین ترجمہ محترم محمد سعید انصاری صاحب مرحوم اور ایک دو انڈونیشین مربیان کرتے تھے جنہوں نے انڈونیشیا سے پاکستان آ کر جامعہ احمدیہ ربوہ میں شاہد کی ڈگری حاصل کی تھی۔ انگلش میں ابتدائی ترجمہ کرنے والوں میں محترم مولانا عطاء المجیب راشد صاحب، محترم آفتاب احمد خان صاحب مرحوم، محترم مجیب الرحمٰن صاحب ایڈووکیٹ، محترم مولانا نسیم سیفی صاحب مرحوم۔ اس عاجز کو اچھی طرح یاد ہیں۔ انگلستان آ کر تراجم کرنے والوں کا انتظام کافی وسیع ہو گیا ہے اور کم از کم ایک درجن زبانوں میں ترجمہ کرنے والے مترجم مرد و زن موجود ہوتے ہیں اور ثواب حاصل کرتے ہیں۔

حضرت صاحب نے امسال واقفین نو بچوں کو زبانیں سیکھنے کی طرف پھر توجہ دلائی ہے تاکہ وہ رواں تراجم کی ضرورت کو بھی پورا کر سکیں جن کی جلسہ سالانہ پر سال بہ سال ضرورت بڑھ رہی ہے۔

اس عاجز کے والد مرحوم نے جلسہ سالانہ کی کیفیت پر ایک نظم لکھی تھی جس کے چند اشعار یہ ہیں۔

جلسہ آیا جلسہ آیا۔ ساتھ خدا کی رحمت لایا
احمدی بھائی اکثر آئے، افریقی امریکی آئے
ہندی، چینی، پاکستانی، انڈونیشی اور ایرانی
اپنا آقا دیں کا شیدا، حکم خدا ہے سب منواتا
موعظہ حسنہ ہے فرماتا، حق کی باتیں ہے بتلاتا
جھولی رحمت بھرتے جاؤ، دولتِ ایماں پھر برتاؤ

(جذبات دل ص 96)

دعوت الی اللہ و تربیتی سیمینار

جلسہ سالانہ سے ایک روز پہلے 24 جولائی بیت الفتوح میں دعوت الی اللہ کا اور ایک تربیتی سیمینار منعقد ہوا۔ اس سیمینار میں 30 ملکوں کے 216 نمائندے شامل ہوئے۔ یہ سیمینار تقریباً سارا ہی دن ہوتا رہا۔ درمیان میں ظہر و عصر کی نمازوں اور کھانے کا وقفہ ہوا۔ جس موضوع پر سیمینار ہوا یہ دونوں کام اس دور میں بہت اہم ہیں اور اس کا مرکزی نقطہ خلافت احمدیہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی غالب تقدیر کے مطابق چودہ سو سال بعد خلافت علیٰ منہاج نبوت کا جو انسٹیٹیوشن قائم ہوا ہے وہی ساری دنیا میں دعوت الی اللہ اور تربیت اور ایک جماعت بنانے کا ذریعہ بن رہا ہے۔ MTA اس میں عالمی کردار ادا کر رہا ہے اور ایک گمنام بستی اور گمنام ہستی پر نازل ہونے والا پیغام اس کے ذریعے زمین کے کناروں تک پہنچایا جا رہا ہے اور ملک ملک تربیت کا کام بھی خلافت کی نگرانی میں جاری ہے۔

نبوت کے ہاتھوں جو پودا لگا ہے
خلافت کے سائے میں پھولا پھلا ہے
یہ کرتی ہے اس باغ کی آبیاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے فرمایا تھا۔

”خلافت ایک شرعی مسئلہ ہے۔ خلافت کے بغیر جماعت ترقی نہیں کر سکتی“۔

(بحوالہ آئینہ صداقت ص 113)

چنانچہ ایک سو سالوں میں یہ بات سو فیصد سچ ثابت ہوئی ہے کہ جماعت کی ترقی کا دارومدار خلافت احمدیہ کے استحکام اور اس کی برکات سے ہے اور یہی منصب مسلسل تربیت کا باعث بن رہا ہے۔

حقائق و معارف کا بیان

حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا ”اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں۔

(اشتہار 30 دسمبر 1891ء بحوالہ روحانی خزائن جلد 4 ص 352)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ ارشاد فرمودہ 25 جولائی اور افتتاحی خطاب اور 26 جولائی کا لجنہ سے خطاب اور جماعت کی ترقیات کا گوشوارہ اور 27 جولائی کا اختتامی خطاب اور دعا ہی اصل میں وہ حقائق و معارف ہیں جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کا باعث بن رہے ہیں۔ اس کے علاوہ فاضل مقررین کی تمام تقاریر اس سال خلافت کے موضوع پر تھیں اور ساری کی ساری تقاریر علم و معرفت سے لبریز تھیں۔ مہمانوں کی تقریریں اور تاثرات جماعت احمدیہ کے ہر دلعزیز ہونے کا ایک بین ثبوت ہے۔ غیروں نے بھی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ڈسپلن اور کاموں اور خدمت خلق اور دنیا میں امن قائم کرنے کی عظیم جدوجہد کو مسلسل سراہا اور اپنوں نے بھی خلافت سے للّٰہی عشق و محبت کے اعلیٰ نمونے پیش کئے۔ ساری دنیا اب خلافت ثالثہ کے ماٹو Love for All Hatred for none سے بے حد متاثر ہو رہی ہے اور ہر دوسرے مہمان نے اس کا اظہار کیا۔ یہ ماٹو دیتے وقت حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا تھا۔

”میں نے اپنی عمر میں سینکڑوں مرتبہ قرآن کریم کا نہایت تدبر سے مطالعہ کیا ہے اس میں ایک آیت بھی ایسی نہیں جو دنیاوی معاملات میں ایک ...... اور غیر ...... میں تفریق کی تعلیم دیتی ہو۔ ...... بنی نوع انسان کے لئے باعث رحمت ہے۔ حضرت محمدؐ اور آپ کے صحابہ کرامؓ نے لوگوں کے دلوں کو محبت پیار اور ہمدردی سے جیتا تھا۔ اگر ہم بھی لوگوں کے دلوں کو فتح کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں بھی ان کے نقش قدم پر چلنا ہوگا۔ قرآن کریم کی تعلیم کا خلاصہ یہ ہے۔

محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں

Love for All Hatred for None

اور یہی طریقہ ہے دلوں کو جیتنے کا اس کے علاوہ اور کوئی طریقہ نہیں۔ (حیات ناصر ص 1)

عرب وفود کی شمولیت

اس جلسہ کی ایک امتیازی شان عرب احمدیوں کی موجودگی اور ان کا خلافت سے احترام و محبت اور عربک ڈیسک کے پروگرام جو الحوار المباشر کے عنوان سے

MTA پر پیش کیے جاتے ہیں دیکھنے میں آئی۔ حضرت مسیح موعود کے عربی قصیدے اور اشعار جب ان لوگوں کے منہ سے نکلتے ہیں تو ایک وجد کی سی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ محترم محمد شریف صلاح الدین عودہ صاحب سے تو تعارف پہلے ہی تھا اس بار ان کے ساتھیوں تمیم ابودقہ صاحب (اردن) اور ہانی طاہر صاحب (فلسطین) سے بھی تعارف حاصل ہوا۔ تمیم دقہ صاحب انجینئر ہیں اور حضرت خلیفۃ المسیح الاول پر جو Documentary ایم ٹی اے پر پیش کی گئی اس میں بھی شامل تھے۔ انہوں نے بڑی خوشی کا اظہار کیا جب اس عاجز نے بتایا کہ اس عاجز کے آباؤ اجداد بھیرہ کے تھے۔ جو حضرت خلیفہ اول کا مولد و مسکن ہے۔ بڑے پیارے تلفظ میں وہ ''بھیرہ'' کا نام لیتے رہے وہ راسخ العقیدہ فدائی احمدی ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا ہے کہ عربوں سے محبت رکھنا بھی ایمان کا حصہ ہے پس ہمیں عربوں سے بے حد محبت ہے اور بڑی کثرت سے سعید فطرت عربوں کو اللہ تعالیٰ سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل کر رہا ہے جیسا کہ حضرت صاحب نے 26 جولائی کے خطاب میں بتایا ہے انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور میں اس عاجز کا ایک عرب کلاس فیلو آج سے چالیس سال پہلے کہا کرتا تھا کہ تم لوگ اس وقت صحیح ترقی کرو گے جب عرب اقوام کا تمہاری طرف رجوع ہوگا۔ چنانچہ خدا کے فضل سے اب وہ وقت آ گیا ہے جس کی ایک جھلک سب نے اس جلسہ سالانہ پر دیکھی ہے۔

عالمی بیعت میں شمولیت

26 جولائی 2008ء ظہر و عصر کی نمازوں سے قبل تقریباً سوا ایک بجے عالمی بیعت کی تقریب منعقد ہوئی جس میں اس عاجز کو بھی شامل ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔ دنیا بھر کے احمدیوں نے اس اہم تقریب میں شرکت کی توفیق پائی۔ کئی سالوں سے 23 مارچ یا 27 مئی کو یہ عاجز خلیفہ وقت سے خط کے ذریعے تجدید بیعت کرتا تھا اور اب اللہ تعالیٰ نے ساری جماعت کے لئے عالمی بیعت کا موقع فراہم کر دیا ہے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمان خداوندی کے تحت روحانی ہلاکتوں سے بچانے کے لئے بیعت کی کشتی بنائی تھی۔

پس یہ عالمی بیعت کی تقریب کوئی معمولی تقریب نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے عہدوں کو کمال دیانتداری اور خلوص اور وفا اور Dedication کے ساتھ نبھانے کی توفیق دے اور ہمارے اگلے اور پچھلے گناہ ان تقاریب سے معاف ہوتے رہیں اور ان شرائط بیعت پر کماحقہٗ عمل کی توفیق ملے جو حضرت مسیح موعود نے مقرر فرمائی تھیں اور جس کا ہم عہد کرتے ہیں۔

جلسہ کا ماحول

ہر پراجیکٹ کے لئے ماحولیات کا ذکر ایک لازمی امر ہوتا ہے ہمارے جلسہ ہائے سالانہ کا ماحول نہایت پاکیزہ، خوشگوار ایک دوسرے کے اوپر سلامتی بھیجنے والا، صاف ستھرا، پُر امن، شور وغوغا اور گاڑیوں کے ہارن سے آزاد اور گرد و غبار سے مبرا ہوتا ہے۔ مارکی کے اندر لوگ ترتیب سے بیٹھے ہوئے اور تقاریر کو غور سے سننے والے۔ بعض نوٹس لے رہے ہوتے ہیں۔ ایسی محفلیں جہاں خدا اور رسولؐ کا ذکر ہو رہا ہوتا ہے بڑی ہی بابرکت ہوتی ہیں۔ ایک ہی مقناطیسی شخصیت کی طرف سب کی نگاہیں اٹھتی ہیں اور وہ خلیفۃ المسیح کا بابرکت اور سب سے محترم وجود ہے۔ ہر شخص کسی نہ کسی طرح آپ کے قریب آنے کی کوشش میں ہوتا ہے اور آپ کے لئے محبت اور احترام میں لبالب بھرا ہوتا ہے کیونکہ ہر شخص اس حقیقت کا شعور رکھتا ہے کہ اسے خدا نے خلیفہ بنایا ہے اور وہ ساری بنی نوع انسان میں ایک ہی وجود ہے۔ اپنے دور کا یہی روحانی بادشاہ ہے اور ساری برکات اس کے وجود سے وابستہ ہیں۔ یہی قبولیت دعا کا مرکز ہے اس کی ایک نگاہ سے تقدیریں بدل سکتی ہیں۔ ہر قسم کی ولایت اسی کے قدموں کے نیچے ہے۔ اس کے کلمات طیبات دل کے اندر اترنے والے ہوتے ہیں۔ ہر اپنا اور پرایا اس سے مرعوب نظر آتا ہے۔ جہاں تک برطانیہ کا تعلق ہے صاف ستھرا ماحول، نہ شور، نہ ہارن، نہ لڑائی، نہ جھگڑا، ایک دوسرے کا خیال رکھنے والے، صاف ستھرے ماحول میں رہنے والے لوگ ہیں۔ ایک بار ڈاکخانے میں جانے کا اتفاق ہوا۔ لوگ آرام سے قطار میں کھڑے ہیں اور باری باری کھڑکی میں پہنچ کر اپنا مدعا بیان کرتے ہیں اور ٹکٹ وغیرہ لے کر یا رقم ادا کر کے واپس آ جاتے ہیں اور اس وقت تک وہاں کوئی نہیں پہنچتا جب تک پہلا شخص فارغ نہ ہو جائے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں پاکستان میں اس کے بالکل برعکس ہے۔ ہر کار والا آگے نکلنے کی کوشش کرتا ہے اور قطار میں لگ کر کام کرنے کا تو کوئی تصور ہی نہیں۔ انسان پر انسان چڑھا ہوتا ہے اور اپنے حق کو سب سے مقدم سمجھتا ہے۔ یہ ہماری قوم اور ملک کی بدنصیبی ہے صفائی ایمان کا نصف حصہ ہونے کے باوجود ہماری قوم اور ملک اس سے عملاً محروم ہے۔ ڈسپلن نام کی کوئی چیز نہیں۔ برطانیہ میں بڑے شہروں میں بھی اور چھوٹے شہروں میں بھی کاریں گھروں کے باہر کھڑی ہوتی ہیں۔ سڑکوں کے دونوں طرف گاڑیاں پارک ہوتی ہیں اور کسی کو یہ خطرہ نہیں ہوتا کہ موٹر چوری ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ملک اور قوم پر رحم کرے۔

جلسہ کے ماحول کی بات ہو رہی تھی جتنے ملکوں کے نمائندے آتے ہیں۔ اتنے ملکوں کے جھنڈے لہرائے جاتے ہیں۔ ساری بنی نوع انسان کے ایک قوم بننے کی تیاریاں ہیں جو الٰہی نوشتوں کے عین مطابق ہے۔

جلسہ کے معین ایام سے پہلے اور بعد میں بیت فضل لندن کا بڑا دلکش روحانی ماحول ہوتا ہے۔ خدا کا یہ گھر لندن میں 1924ء میں بنا تھا۔ حضرت مصلح موعود نے اس کا سنگ بنیاد رکھا تھا اور اس کی افتتاحی تقریب میں اہم شخصیات نے شمولیت کی تھی اور یہاں بڑے بڑے بزرگ آ کر سلسلہ کی خدمت کرتے رہے ہیں۔ اس بیت کو یہ بھی شرف حاصل ہے کہ حضرت مصلح موعود نے اور حضرت خلیفہ ثالث نے یہاں آ کر نمازیں پڑھائی ہیں۔ حضرت خلیفہ رابع نے 19 سال یہاں گزرے ہیں۔ خلافت خامسہ کا انتخاب بھی اسی بیت میں ہوا تھا اور اب پانچ سالوں سے حضرت خلیفہ خامس بھی اس بیت کی رونق کا باعث ہیں۔ بیت الفتوح بہت وسیع پیمانے پر خدا کا ایک اور گھر لندن میں بنایا گیا جہاں اب جمعہ کی نماز ہوتی ہے اور خلیفہ وقت کا خطبہ ساری دنیا میں MTA پر دیکھا اور سنا جاتا ہے۔ حضرت خلیفہ رابع نے 1999ء میں اس کا سنگ بنیاد رکھا تھا اور 2003ء میں حضرت خلیفہ خامس نے اس کا افتتاح فرمایا۔

مقامی اخبارات اور جماعت احمدیہ

انگلستان کے مقامی اخبارات میں جماعت کی جو خبریں آتی ہیں وہ Awareness Compaign کے نام سے جماعت احمدیہ برطانیہ کی انتظامیہ شائع کرتی رہتی ہے تاہم اس جلسہ پر اس عاجز کے ہاتھ میں دو حوالے آئے ان کا ذکر کرنا ضروری ہے۔ اول نوائے وقت لندن کے شمارہ 25 تا 31 جولائی 2008ء میں پہلے صفحہ پر پاک کلمات سے آغاز کر کے بعض مقامی احمدیوں کی طرف سے جلسہ سالانہ منعقد ہونے اور بنیادی اعتقادات سے پُر اشتہار دیا گیا۔ P-18 اور P-19 کے مکمل صفحات سپیشل ایڈیشن کے طور پر جماعت کے لئے مخصوص کیے گئے۔ حضرت مسیح موعود کی تصویر اور حضور کے الفاظ میں جماعت احمدیہ کے عقائد دیئے گئے اور صفحہ 19 پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کی تصویر اور حضرت مسیح موعود کی تحریرات دی گئیں ''پنجاب اور ہندوستان کے مشائخ اور صلحاء اور اہل اللہ باصفات حضرت عزت اللہ جل شانہ کی قسم دے کر ایک درخواست'' حضرت مسیح موعود کے الفاظ میں شائع کی گئی۔ اسی طرح The Times کا 27 مئی 2008ء کا میگزین ہاتھ آیا اس کے صفحہ 32 پر One World, One Leader,One Community کے عنوان سے اور حضرت مسیح موعود کی تصویر سے نصف صفحہ پر سلسلہ احمدیہ کا متعارف اور 100 Years 1908-2008 کے عنوان سے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کی تصویر کے ساتھ حضور کا پیغام شائع کیا گیا۔ یہ دونوں تاریخ دستاویزات بن چکی ہیں۔

جلسہ سالانہ کے مقاصد کا حصول

آنحضرتؐ کی ایک حدیث ہے دنیا بھر کی محبتوں پر جب تک اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کی محبت غالب نہیں آ جاتی اس وقت تک اللہ تعالیٰ کے ہاں کسی کا ایمان قابل قبول نہیں۔

حضرت مسیح موعود نے بھی بیعت کی غرض و غایت اور جلسہ سالانہ کے مقاصد دنیا کی محبت سرد ہونے اور خدا تعالیٰ اور رسولؐ کی محبت پیدا ہونا بتایا ہے ایک اور حدیث ہے ''اگر تم دیکھو کہ اللہ کا خلیفہ زمین میں موجود ہے تو اس سے وابستہ ہو جاؤ اگرچہ تمہارا بدن تار تار کر دیا جائے اور تمہارا مال لوٹ لیا جائے۔

(مسند احمد بن حنبل)

جس زمین میں اس وقت خلیفہ وقت موجود ہے وہاں کا جلسہ سالانہ اور خلیفہ وقت کی ملاقات کوئی معمولی واقعہ نہیں۔ اس کے لئے جسم و جان اور مال و دولت کی قربانی کوئی حیثیت نہیں رکھتی اب جبکہ ہوائی جہازوں کے کرائے بہت بڑھ گئے ہیں۔ ان مقاصد کا حصول قربانیوں کا تقاضا کرتا ہے لیکن اس کے بدلے میں جو روحانی مائدہ ملتا ہے اس کی مالیت بہت ہی زیادہ ہے۔ خلیفہ وقت اور جماعت کی ایک نہایت پیاری تمثیل حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک موقع پر بیان فرمائی ہے اس کو پیش کر کے یہ عاجز اپنی معروضات کو ختم کرتا ہے۔

فرمایا قدرت ثانیہ خدا کی طرف سے ایک بڑا انعام ہے جس کا مقصد قوم کو متحد کرنا ہر تفرقہ سے محفوظ رکھنا ہے۔ یہ وہ لڑی ہے جس میں جماعت موتیوں کی مانند پروئی ہوئی ہے۔ اگر موتی بکھرے ہوں تو نہ محفوظ ہوتے ہیں اور نہ ہی خوبصورت معلوم ہوتے ہیں۔ اگر قدرت ثانیہ نہ ہو تو دین حق کبھی بھی ترقی نہیں کر سکتا۔ پس اس قدرت کے ساتھ کامل اخلاص اور محبت اور وفا اور عقیدت کا تعلق رکھیں اور خلیفہ کی اطاعت کے جذبہ کو دائمی بنائیں اور اس کے ساتھ محبت کے جذبہ کو اس قدر بڑھائیں کہ اس محبت کے بالمقابل دوسرے تمام رشتے کمتر نظر آئیں خلیفہ سے وابستگی میں ہی سب برکتیں ہیں اور وہی آپ کے ہر قسم کے فتنوں اور ابتلاؤں کے مقابلہ کے لئے ڈھال ہے۔

(الفضل انٹرنیشنل لندن 23 مئی تا 5 جون 2003ء)

جلسہ سالانہ اس تمثیل کا حقیقی اظہار ہے اور خلیفہ وقت کے ساتھ کامل اخلاص اور محبت اور وفا اور عقیدت کا تعلق استوار کرنے کا ایک نادر موقع ہے۔

واپسی پر جذبات

واپسی کے وقت جو ہمارے جذبات ہیں ان کا بیان کرنا بہت مشکل امر ہے۔ حضرت مسیح موعود کے رفقاء میں سے جب کوئی قادیان جاتا تو وہ اپنے مقام قادیان کے ایام کو اپنی زندگی کے بہترین ایام شمار کرتا اور اپنے آقا و پیشوا کی مفارقت کو ناپسند کرتا اسی قسم کی کیفیت ہماری ہے گو جلسہ کے ایام مختصر تھے لیکن بار ہا مواقع پر حضرت مسیح موعود کے خلیفہ پنجم کی قربت نصیب ہوئی اور یقیناً ہماری زندگی کے یہ بہترین ایام ہیں جو ہم نے اس سال لندن میں گزارے۔

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم وحید کامران صاحب

قدرت ثانیہ۔ تمکنت دین کا آسمانی ادارہ

قدرت ثانیہ کی پیشگوئی

حضرت اقدس نے 24 دسمبر 1905ء کو رسالہ ''الوصیت'' شائع فرمایا جس کی ابتدا میں وہ الہامات درج کئے جو آپ کی وفات کی نسبت تھے بعد ازاں تحریر فرمایا۔

یہ خداتعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے کہ اس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا ہمیشہ اس سنت کو وہ ظاہر کرتا رہا ہے کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے...........اور غلبہ سے مراد یہ ہے کہ جیسا کہ رسولوں اور نبیوں کا یہ منشاء ہوتا ہے کہ خدا کی حجت زمین پر پوری ہو جائے اور اس کا مقابلہ کوئی نہ کرسکے اسی طرح خداتعالیٰ قوی نشانوں کے ساتھ ان کی سچائی ظاہر کردیتا ہے اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخم ریزی انہی کے ہاتھ سے کردیتا ہے۔ لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن اور تشنیع کا موقعہ دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کرچکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کردیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے۔ اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔

غرض دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے۔

(1) اول خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے۔ (2) دوسرے ایسے وقت میں جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے اور دشمن زور میں آجاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا اور یقین کرلیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہو جائے گی اور خود جماعت کے لوگ بھی تردد میں پڑ جاتے ہیں اور ان کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کرلیتے ہیں تب خداتعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔ پس وہ جو اخیر تک صبر کرتا ہے۔ خداتعالیٰ کے اس معجزہ کو دیکھتا ہے۔

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص304)

حضرت اقدس نے اس کے بعد اپنے مخلصین و محبین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

''سو اے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خداتعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کرکے دکھلادے۔ سو اب ممکن نہیں ہے کہ خداتعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے۔ کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔..........وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے وہ سب کچھ تمہیں دکھلائے گا جس کا اس نے وعدہ فرمایا ہے۔ اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے پر ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی۔

میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص305)

قدرت ثانیہ کا مقام

سیدنا حضرت مسیح موعود نے اپنے قلم سے قدرت ثانیہ کی عظمت، شان اور جلالت مرتبت پر بھی خوب روشنی ڈالی ہے چند مبارک تحریرات ملاحظہ ہوں۔

1۔ خلیفہ کے معنی جانشین کے ہیں جو تجدید دین کرے۔ نبیوں کے زمانہ کے بعد جو تاریکی پھیل جاتی ہے اس کو دور کرنے کے واسطے جو ان کی جگہ آتے ہیں انہیں خلیفہ کہتے ہیں۔

(ملفوظات جلد دوم ص666)

2۔ خلیفہ جانشین کو کہتے ہیں اور رسول کا جانشین حقیقی معنوں کے لحاظ سے وہی ہوسکتا ہے جو ظلی طور پر رسول کے کمالات اپنے اندر رکھتا ہو۔ اس واسطے رسول کریمؐ نے نہ چاہا کہ ظالم بادشاہوں پر خلیفہ کا لفظ اطلاق ہو کیونکہ خلیفہ درحقیقت رسول کا ظل ہوتا ہے اور چونکہ کسی انسان کے لئے دائمی طور پر بقا نہیں۔ لہٰذا خداتعالیٰ نے ارادہ کیا کہ رسولوں کے وجود کو جو تمام دنیا کے وجودوں سے اشرف و اولیٰ ہیں ظلی طور پر ہمیشہ کے لئے تاقیامت قائم رکھے سو اسی غرض سے خداتعالیٰ نے خلافت کو تجویز کیا تا دنیا کبھی اور کسی زمانہ میں برکات رسالت سے محروم نہ رہے۔

(شہادت القرآن۔ روحانی خزائن جلد 6 ص353)

3۔ حضرت اقدس نے اپنی اولاد میں نظام قدرت ثانیہ کے ظہور کی واضح خبر دیتے ہوئے یکم دسمبر 1888ء کو پیشگوئی فرمائی۔

دوسرا طریق انزال رحمت کا ارسال مرسلین ونبیّین وائمہ وخلفاء ہے تا ان کی اقتداء وہدایت سے لوگ راہ راست پر آجائیں اور ان کے نمونہ پر اپنے تئیں بنا کر نجات پا جائیں۔ سو خداتعالیٰ نے چاہا کہ اس عاجز کی اولاد کے ذریعہ سے یہ دونوں شق ظہور میں آجائیں''۔

قدرت ثانیہ کی ضیاپاشیاں

چنانچہ اس پیشگوئی کے عین مطابق حضرت مولانا نورالدین خلیفۃ المسیح الاول کے بعد 14 مارچ 1914ء کو حضرت صاحبزادہ مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی، 9 نومبر 1965ء کو حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث، 10 جون 1982ء کو حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع اور 23 /اپریل 2003ء کو ہمارے موجودہ امام عالی مقام سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس آسمانی نوشتوں کے مطابق قدرت ثانیہ کے بے مثال روحانی اور عالمی منصب پر متمکن ہوئے اور یہ خدا کا فضل وکرم ہے کہ 100 سال سے جماعت احمدیہ اس عظیم الشان آسمانی ادارہ کی برکات سے فیضیاب ہورہی ہے اور محض خداتعالیٰ کے فضل سے یہ روحانی خلافت کا نظام 27 مئی 2008ء کو اپنی پہلی صدی مکمل کر چکا ہے اور اس کی ضیاپاشیوں سے ایک عالم بقعہ نور بن چکا ہے۔ قلوب و اذہان میں زبردست انقلاب آرہا ہے۔ ہر سال لاکھوں کی فوجیں احمدیت کے جھنڈے تلے جمع ہورہی ہیں اور اب کروڑوں کے آنے کی توقع ہے۔ احمدی مشنوں کا دنیا بھر میں اتنا وسیع جال بچھ چکا ہے کہ دنیائے احمدیت پر اب سورج غروب ہی نہیں ہوسکتا۔ غرض یہ کہ قدرت ثانیہ کی 100 سالہ تجلیات نے ایک نئی زمین اور ایک نیا آسمان پیدا کردیا ہے۔

پُرشوکت پیشگوئی

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے بابرکت عہد خلافت کے پہلے خطبہ جمعہ (11 جون 1982ء) کے دوران خلافت احمدیہ کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:۔

''یہ ہمیشہ مہکنے والے عطر کی طرح معطر رہنے والی چیز ہے یہ اس شجرہ طیبہ کی طرح ہے جس کی جڑیں کوئی نہیں اکھاڑ سکتا۔ کوئی آندھی، کوئی ہوا اس کو ہلا نہیں سکتی یہ ایسا سدا بہار کا درخت ہے جو کبھی خزاں کا منہ نہیں دیکھتا اور ہر آن اپنے رب سے پھل پاتا ہے''۔

(الفضل 13 جون 1982ء ص8 کالم 3)

ازاں بعد آپ نے 18 جون 1982ء کو ایک ولولہ انگیز خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس میں پُرشوکت الفاظ میں یہ پیشگوئی فرمائی کہ:۔

''ربوہ کی ایک ایک گلی گواہ ہے بڑے سے بڑا ابتلا آیا اور گزر گیا اور جماعت کو کوئی زخم نہ پہنچا سکا اور جماعت بڑی قوت سے خلافت کے اتحاد پر قائم رہی۔ ......یہ وہ آخری بڑے سے بڑا ابتلا تھا جس کا جماعت نے بڑی کامیابی سے مقابلہ کیا۔ آئندہ انشاء اللہ خلافت احمدیہ کو کبھی کوئی خطرہ لاحق نہیں ہوگا۔

جماعت اپنی بلوغت کی عمر کو پہنچ چکی ہے۔ کوئی بدخواہ اب خلافت کا بال بھی بیکا نہیں کرسکتا اور جماعت اس شان سے ترقی کرے گی خدا کا یہ وعدہ پورا ہوگا کہ کم ازکم ایک ہزار سال تک جماعت میں خلافت قائم رہے گی''۔ (الفضل 20 جون 1982ء ص8)

سنو اب وقت توحید اتم ہے
ستم اب مائل ملک عدم ہے
خدا نے روک ظلمت کی اٹھا دی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

(بقیہ صفحہ 5)

حضرت مسیح موعود سے اللہ تعالیٰ نے جو وعدے کئے ان کے پورے ہونے کی ایک جھلک ہم نے جلسہ پر دیکھی مشرق ومغرب شمال وجنوب سے جماعت احمدیہ کے افراد کی شرکت سے حضرت مسیح موعود کی اس پیشگوئی کا ظہور دیکھا جیسا کہ فرمایا ''دیکھو وہ زمانہ چلا آتا ہے بلکہ قریب ہے کہ خدا اس سلسلہ کی دنیا میں بڑی مقبولیت پھیلائے گا اور یہ سلسلہ مشرق اور مغرب اور شمال اور جنوب میں پھیلے گا اور دنیا میں دین حق سے مراد یہی سلسلہ ہوگا۔ یہ باتیں انسان کی باتیں نہیں یہ اس خدا کی وحی ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں''۔

(تحفہ گولڑویہ۔ روحانی خزائن جلد 17 ص182,181)

